السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا جادو کا علاج جادو سے کیا جا سکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جی نہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : ''سات مہلک کاموں سے بچ کر رہو۔'' صحابہ نے عرض کی : یا رسول اللہ ﷺ! وہ سات کام کون کون سے ہیں ؟ آپ ﷺ نے فرمایا :

1۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا۔ 2۔ جادو کرنا۔

3۔ کسی کو ناحق قتل کر ڈالنا۔ 4۔ سود خوری۔

5۔ یتیم کا مال کھانا۔ 6۔ کفار سے مقابلہ کے دن پیٹھ پھیر کر بھاگ جانا۔

7۔ پاکدامن اہل ایمان عورتوں پر تہمت لگانا۔

صحیح بخاري، کتاب الوصایا باب قول اللہ تعالی :

إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا (١٠)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 09 ص